**11.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

........................................................................................

☆ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے انتخابی مہم ختم ہوگئی ہے۔ 33 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کے وائناڈ پارلیمانی سیٹ کیلئے ضمنی انتخابات کی الیکشن مہم بھی مکمل ہوگئی۔

☆ منی پور کے Jiribam ضلعے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 10 مسلح ملی ٹینٹ مارے گئے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے دلّی پولیس کمشنر سے کہا ہے کہ وہ پٹاخوں پر پابندی کے موثر نفاذ کیلئے ایک خصوصی سیل تشکیل دیں۔ عدالتِ عالیہ نے کہا کہ کوئی بھی مذہب آلودگی کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔

☆ Shigeru Ishiba پارلیمنٹ میں رَن آف ووٹنگ کے بعد پھر سے جاپان کے وزیر اعظم منتخب ہوئے ہیں۔

☆ اور خواتین کی ایشیائی ہاکی چیمپئن شپ ٹرافی میں بھارت نے بہار کے راج گیر میں ملیشیا کو چار - صفر سے شکست دے کر اپنی مہم کی شاندار شروعات کی ہے۔

........................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Jharkhand Campaigning***

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہوگئی۔ پہلے مرحلے میں بدھ کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس مرحلے کی مہم کے دوران 200 سے زیادہ ریلیاں کی گئی ہیں۔ BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیر اعظم نریندرمودی نے آج ''میرا بوتھ سب سے مضبوط'' مہم کے تحت جھارکھنڈ میں BJP ورکروں سے بات چیت کی۔

دوسری طرف جھارکھنڈ مُکتی مورچہ کے سینئر لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے پلامو میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

VC - Sanjiv Sharma

اسی دوران پولنگ ٹیمیں آج سے اپنے اپنے اسٹیشنوں کیلئے روانہ ہورہی ہیں۔ چیف انتخابی افسر K Ravi

Kumar نے کہا ہے کہ پولنگ پارٹیوں کو مغربی سنگھ بھوم ، لاتیہار ، لوہار گاڑا، گڑھوا اور گُملا جیسے حساس اضلاع میں 225 پولنگ اسٹیشن پر بھیج دیا گیا ہے۔ پولنگ اہلکاروں کو بحفاظت پہنچانے کیلئے فضائیہ کے ہیلی کاپٹر کا استعمال کیا جارہا ہے۔ جھارکھنڈ کے چیف انتخابی افسر نے مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی پاداش میں انڈر سکریٹری سنجے کمار سری واستو کو معطل کردیا ہے۔x

## Bypolls Campaigning

گیارہ ریاستوں میں 33 اسمبلی حلقوں اور کیرالہ کی وائیناڈ پارلیمنٹ کی نشست کے ضمنی انتخابات کیلئے انتخابی مہم آج ختم ہوگئی۔ راجستھان میں سات سیٹوں، مغربی بنگال میں چھ، آسام میں پانچ، بہار میں چار، کرناٹک میں تین سیٹوں اور مدھیہ پردیش اور سکم میں ایک ایک سیٹ پر ضمنی انتخابات بدھ کے روز ہوں گے۔ اس کے علاوہ کیرالہ، چھتیس گڑھ، گجرات اور میگھالیہ میں ایک ایک سیٹ پر بھی اسمبلی ضمنی انتخابات ہوں گے۔ اترپردیش میں 9 سیٹوں، پنجاب میں 4 اور کیرالہ اور اتراکھنڈ میں ایک ایک سیٹ سمیت 15 اسمبلی حلقوں کے ساتھ ساتھ مہاراشٹر کی ناندیڑ پارلیمانی حلقے میں بھی ضمنی انتخاب کیلئے ووٹنگ 20 نومبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔x

## BJP - ECI Meet

BJP نے الیکشن کمیشن سے درخواست کی ہے کہ وہ کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے خلاف کارروائی کرے اور الزام لگایا ہے کہ راہل گاندھی نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں جھوٹ پھیلانے کی ایک بار پھر کوشش کی ہے۔ حکمراں پارٹی نے پچھلے ہفتے ممبئی میں ، اُن کے ایک خطاب کا حوالہ دیتے ہوئے انتخابی کمیشن سے کہا ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کیلئے کانگریس ایم پی کے خلاف کارروائی کرے۔ سینئر پارٹی لیڈر ارجن رام میگھوال کی قیادت میں BJP کے ایک وفد نے اِس سلسلے میں آج چیف انتخابی کمشنر سے ملاقات کی اور کانگریس لیڈر کے خلاف ایک FIR درج کرنے کی اپیل کی۔ x

## Rev. Manipur Killed

منی پور میں آج Jiribam ضلع میں سکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 10 مسلح ملیٹنٹ ہلاک ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق Jiribam ضلع کے Jakuradhor اور Borebekra پولیس اسٹیشن میں قائم CRPF کی ایک پوسٹ پر آج تیسرے پہر مسلح ملیٹنٹوں کے ذریعے حملہ کیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے سخت جوابی کارروائی کی اور شدید جھڑپ میں ملیٹنٹوں کو ہلاک کردیا۔ فائرنگ رکنے کے بعد علاقے کی تلاشی لی گئی اور مسلح ملیٹنٹوں کی دس لاشیں ہتھیار اور گولہ بارود کے ساتھ برآمد کی گئیں۔ حملے کے دوران، CRPF کا ایک کانسٹیبل گولی سے زخمی ہوگیا اور آسام میں اُن کا علاج کیا جارہا ہے۔ اس معاملے میں ایک فوجداری مقدمہ درج کیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہے۔x

## SC Polution

سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ صحت کا حق، شہریوں کا بنیادی حق ہے اور کوئی بھی مذہب آلودگی کی حوصلہ افزائی نہیں کرتا۔ جسٹس ابھے ایس Oka اور جسٹس Augustine George Masih پر مشتمل دو ججوں کی بینچ نے آج کہا کہ آلودگی سے پاک ماحول میں رہنے کا ہر شہری کا حق بھارتی آئین کی دفعہ 21 کے تحت تحفظ فراہم کرتا ہے۔ عدالت عالیہ نے دیوالی کے دوران، دلّی میں پٹاخوں پر پابندی لگانے میں ناکامی کیلئے حکام سے سوال کیا۔ عدالت نے دلّی کے پولیس کمشنر کو ہدایت کی کہ وہ پٹاخوں پر پابندی لگانے کیلئے فوری کارروائی کریں اور اِس پابندی کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی سیل تشکیل دیں۔ گذشتہ ہفتے عدالت نے دلّی سرکار اور پولیس کو ایک نوٹس جاری کیا تھا جس میں اُن سے اِس بات کی وضاحت کرنے کیلئے کہا گیا تھا کہ وہ پٹاخوں پر پابندی کو نافذ کرنے اور اس کی عمل آوری میں ناکام کیوں رہے۔x

## Amit Shah Projects

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور مغربی بنگال کیلئے تقریباً 726 کروڑ روپئے مالیت کے تین پروجیکٹوں کی منظوری دی ہے۔ ان پروجیکٹوں کو ریاست میں فائر سروسز کی توسیع اور جدیدکاری کے تحت منظوری دی گئی ہے۔ وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہا کہ چھتیس گڑھ کیلئے تقریباً 148 کروڑ روپئے، اڈیشہ کیلئے 201 کروڑ روپئے اور تقریباً 377 کروڑ روپئے مغربی بنگال کیلئے منظور کئے گئے ہیں۔ حکومت نے اِس اقدام کیلئے، آفاتِ ناگہانی سے نمٹنے کے قومی فنڈ کے تحت، مجموعی طور پر پانچ ہزار کروڑ روپئے مختص کئے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ 2 ہزار 542 کروڑ روپئے سے زیادہ کی مجموعی مختص رقم کے ساتھ، 15 ریاستوں کی تجاویز کو پہلے ہی منظوری دی جاچکی ہے۔ وزارت داخلہ نے مزید کہا کہ اُس نے ملک میں آفاتِ ناگہانی کے موثر انتظامیہ کو یقینی بنانے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔x

## Jaishankar India Russia

مرکزی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے 2030 تک روس کے ساتھ 100 ارب ڈالر تجارت کا ہدف حاصل کرنے کیلئے کنکٹویٹی، مارکیٹ اور سرمایہ کاری کو مستحکم کرنے کے تئیں بھارت کے مصمم عہد کا اعادہ کیا۔ ممبئی میں بھارت-روس کاروباری فورم سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس وقت دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت 66 ارب ڈالر کی ہے جو 100 ارب ڈالر کے نشانے کو حقیقی رنگ دیتی ہے۔ قومی کرنسی میں بہتر تجارتی توازن اور سیٹلمینٹ کی ضرورت کے بارے میں بات کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ خصوصی روپیہ-Vostro اکاؤنٹ ایک کارگر طریقہ کار ہے۔ البتہ انھوں نے یہ بھی کہا کہ تجارتی توازن کو یقینی بنانے کیلئے غیرمحصولاتی پابندیوں اور ضابطہ جاتی مزاحمت پر فوری توجہ مرکوز کرنا ناگزیر ہے۔بھارت اور روس کے درمیان مستقبل کے اقتصادی تعاون کی قیادت کرنے والے بہت سے کلیدی شعبوں کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بین الاقوامی شمالی-جنوبی ٹرانسپورٹ کوریڈور، چنئی-Vladivostok سمندری کوریڈور اور شمالی سمندری روٹ، دونوں ملکوں کے درمیان لاجسٹکس نیٹ ورک کو توسیع دینے کیلئے اہم ہیں۔x

## Rashtriya Ekta Parv

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے نوجوانوں اور طلباء سے اپیل کی ہے کہ وہ 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں تعاون کریں۔ انہوں نے آج صبح سکندر آباد میں کیندریہ ودیالیہ سنگٹھن کے ذریعہ منعقد کردہ تین روزہ قومی راشٹریہ ایکتا پرب کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے Mini Indias کہتے ہوئے، کیندریہ ودیالیہ کی ستائش کی اور کہا کہ یہاں کی تعلیم و تربیت قومی یکجہتی اور صلاحیت کے گہرے احساس کو فروغ دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ راشٹریہ ایکتا پرب کا مقصد قومی اتحاد اور بھارتی ادب اور ثقافت کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔ x

## J&K Army Recrutment

جموں وکشمیر میں فوج نے بھرتی کی مہم کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد ٹیریٹوریل آرمی میں شرکت کرنے کیلئے کشمیر خطے کے تمام اضلاع سے نوجوانوں کیلئے مواقع فراہم کرنا ہے۔ بھرتی کی یہ مہم اِس مہینے کی 8 تاریخ کو بارہمولہ، کپواڑہ اور سرینگر ضلعوں سے شروع کی گئی تھی۔ بھرتی کا یہ عمل جموں خطے میں تمام ضلعوں سے خواہشمند لوگوں کا احاطہ کر رہا ہے۔ فوج کے ایک عہدیدار نے آکاشوانی کو بتایا کہ بارہمولہ قصبے میں بہت بڑی تعداد میں نوجوان بھرتی کیلئے آئے ہیں کیونکہ بڑی تعداد میں نوجوان امیدوار فوج کی بھرتی کی اُس ریلی کیلئے پہنچے جو آج Ganthmulla میں منعقد کی گئی تھی۔ یہ مہم اِس مہینے کی 17 تاریخ تک جاری رہے گی۔x

## Japan Cabinet

جاپان میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے کے بعد لبرل ڈیموکریٹک پارٹی LDP کے لیڈر Shigeru Ishiba آج ملک کے وزیر اعظم کے طور پر دوبارہ منتخب ہوگئے ہیں۔ جاپانی پارلیمنٹ Diet کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ جاپانی پارلیمنٹ نے آج وزیر اعظم کے انتخاب کیلئے ایک غیرمعمولی اجلاس طلب کی تھی۔ پچھلے مہینے کے عام انتخابات میں اکثریت کھونے کے بعد LDP اور Komeito پر مشتمل حکمراں اتحاد کو وزیر اعظم Ishiba اور اہم اپوزیشن Constitutional ڈیموکریٹک پارٹی کے لیڈر Yoshihiko Noda کے درمیان ایک رَن آف ووٹنگ کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ایوانِ نمائندگان نے ہونے والی ووٹنگ کے دوران 67 سالہ Ishiba ، نوڈا کو شکست دے کر ملک کے 103 ویں وزیر اعظم بن گئے ہیں۔ حالانکہ وہ 233 کی اکثریت سے پیچھے رہے۔ x

## IIFT Convocation

بیرونی تجارت کے انڈین انسٹی ٹیوٹ IIFT کا ایک نیا کیمپس جلد ہی دوبئی میں کھولا جائے گا۔ کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج اِس بات کا اعلان نئی دلّی میں IIFT کے 57ویں کنووکیشن سے ورچوئل طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب گوئل نے بھارت کے مستقبل کی تعمیر میں نوجوان گریجویٹس کے ذریعے ادا کئے

جارہے اہم رول پر زور دیا۔ انھوں نے عالمی سطح اور 140 کروڑ بھارتیوں کی خواہشات کی تکمیل کیلئے اُنھیں حاصل مواقع سے متعلق نوجوان انڈیا کے اعتماد کو اجاگر کیا۔ کامرس کے سکریٹری اور IIFT چانسلر سنیل Barthwal نے وسیع تر تناظر اپنانے کیلئے گریجویٹس کی حوصلہ افزائی کی نیز معاشی پیشرفت کی قیادت کیلئے ان کی صلاحیتوں پر زور دیا۔x

## UN Cop 29

آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی 29ویں سالانہ کانفرنس COP-29، آج آذربائیجان کے شہر Baku میں شروع ہوگئی ہے۔ اِس دو ہفتے طویل کانفرنس میں، جسے "Finance COP" کانام دیا گیا ہے، آب وہوا سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ملکوں کیلئے، آب وہوا سے متعلق نئے مالی نشانے مقرر کرنے پر خاص توجہ دی جائے گی۔ بھارت اور عالمِ جنوب کیلئے، آب وہوا سے متعلق اہداف کو حاصل کرنے کیلئے مالیات، ٹیکنالوجی اور توانائی کے وسائل نیز آب وہوا کی تبدیلی کے فوری اثرات سے متعلق کمیونٹیز کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے رسائی، بدستور انتہائی حساس ہے۔ بھارت نے تخفیف کرنے اور اختیار کرنے، دونوں کیلئے مطلوب مالیہ کی فوری ضرورت پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے عالمی آب وہوا سے متعلق مالیاتی فریم ورک کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

## Border Czar

امریکہ کے صدر منتخب ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ کے کارگزار ڈائریکٹر Tom Homan ان کے نئے انتظامیہ میں ملک کی سرحدوں کے انچارج ہوں گے۔ جناب ڈونلڈ ٹرمپ نے کل اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ Tom Homan نئے Border Czar ہوں گے۔ اس سے امیگریشن اور سرحدوں کے تحفظ سے متعلق ان کی انتظامیہ کے سخت موقف کے تسلسل کا اظہار ہوتا ہے۔ صدر منتخب نے کہا کہ ہماری سرحدوں کی نگرانی کرنے اور انہیں کنٹرول کرنے کے معاملے میں Homan سے بہتر کوئی نہیں ہے۔ جناب Homan دو ہزار اٹھارہ میں ریٹائر ہونے سے پہلے ٹرمپ انتظامیہ کی پہلی مدت کے دوران سختی سے امیگریشن انفورسمنٹ قائم کرنے کی کوشش میں ایک عوامی چہرے کے طور پر خدمت انجام دے چکے ہیں۔x

## Asian Hockey Trophy

ہاکی میں، خواتین کے ایشیائی ہاکی چمپئنز ٹرافی کے اپنے افتتاحی میچ میں، دفاعی چمپئن بھارت نے آج بہار کے راجگیر میں ملیشیا کو چار-صفر سے ہرا دیا۔ اس سے قبل جاپان اور جنوبی کوریا کے درمیان افتتاحی میچ دو-دو سے برابر رہا۔ دن میں ایک اور میچ میں چین نے تھائی لینڈ کو پندرہ-صفر سے شکست دی۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے شاندار آتش بازی اور ناظرین کے پُرجوش نعروں کے درمیان آج شام باقاعدہ طور پر اس دس روزہ ٹورنامنٹ کا آغاز کیا۔ یہ سب سے بڑا کھیل کود کا مقابلہ بہار میں پہلی مرتبہ منعقد کیا جارہا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆